نیوز ریلیز
سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

رابطہ: مارک اسٹرو
ترجمان
فون: ۰۳۰۸۵۵۵۰۵۹

۱۰ جنوری ۲۰۱۲ء
برائے فوری اجراء
۲۰۱۲/۰۰۶

# امریکی سفارتخانہ کی جانب سے جمرود میں دہشت گردانہ حملہ کی مذمت

## معصوم لوگوں کی ہلاکت پاکستانی عوام کی توہین ہے

اسلام آباد (۱۰ جنوری ۲۰۱۲) ___ پاکستان میں امریکی سفارتخانہ آج خیبر ایجنسی کے علاقہ جمرود کے ایک بازار میں ہونے والے بم دھماکہ کی شدید مذمت کرتا ہے جس میں انتہائی سنگدلی سے معصوم لوگوں کو نشانہ بنایا گیا۔ روزمرہ کے معمول میں مصروف بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنا کر ایسی کارروائیوں میں مصروف انتہاپسندوں نے انسانی جانوں کی حرمت کی توہین کا ارتکاب کیا ہے۔ امریکہ پاکستان کے ساتھ مل کر تشدد آمیز انتہاپسندی کا مقابلہ اور پاکستان اور خطہ میں لوگوں کی سلامتی کی صورتحال کی بہتری کے لئے کام کرتا رہے گا۔

###

مزید پریس ریلز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کے لئے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں: http://islamabad.usembassy.gov